Rampur State Gazette.

EXTRAORDINARY.

بحکم بندگان اعلحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد مطبوعہ روز یکشنبہ بتاریخ ۲۰ جمادی الثانی سنہ ۱۳۵۳ھ مطابق ۳۰ ستمبر سنہ ۱۹۳۴ء

غیر معمولی گزٹ

حصہ اول

نوٹیفکیشن منجانب گورنمنٹ رامپور تحت قانون وصولیابی محصول دیاسلائی ریاست رامپور ۱۹۳۴ء ۲

(مطبع عکسی اسٹیٹ پریس رامپور)

نوٹیفکیشن منجانب گورنمنٹ رامپور تحت قانون وصولیابی محصول دیاسلائی

(ریاست رامپور سنہ ۱۹۳۴ء)

گورنمنٹ رامپور بذریعہ اعلان ہذا مطبوعہ گزٹ امروزہ حسب ذیل احکام صادر کرتی ہے:-

۱) کل ریاست رامپور میں یکم اکتوبر سنہ ۱۹۳۴ء کے بعد سے اُن دیاسلائیوں کی فروخت کی ممانعت کیجاتی ہے جنپر مطابق قانون وصولیابی محصول دیاسلائی سنہ ۳۴ء بندرہن یا مہر سرکاری نہ ہو۔

۲) **الف**۔ بذریعہ اعلان ہذا دیاسلائی کے تاجران کو حکم دیا جاتا ہے کہ اگر تاریخ یکم اکتوبر سنہ ۱۹۳۴ء پچاس گرس بکس دیاسلائی یا اس سے زیادہ اُنکے قبضہ میں ہوں تو وہ اس امر کی اطلاع اس اعلان کی تاریخ سے تین یوم کے اندر تحصیلدار علاقہ کو تحریری کردیں۔

ب۔ اگر گورنمنٹ کو اطلاع محولہ ضمن (الف) تاریخ مذکور پر نہ دیجائیگی تو پچاس گرس یا اُس سے زیادہ تعداد کے بکس دیاسلائی قابل ضبطی ہوں گے۔

۳) یہ بھی اعلان کیا جاتا ہے کہ گندک کی بلا بندھن کی دیاسلائیوں اور اُن دیاسلائیوں کی جو "بنگالی شعلے" کے نام سے مشہور ہیں ۳۱ دسمبر سنہ ۱۹۳۴ء تک فروخت کرنے کی اجازت دیجاتی ہے۔

(۳۰ ستمبر ۱۹۳۴ء) دستخط صاحب پریسیڈنٹ حکام کونسل